Inam-Rais

23-11-2024

13.50 Hrs

HL-Opening

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

**Music**

------------------------------

☆ مہاراشٹرمیں BJP کی قیادت والا مہایوتی اتحاد زبردست جیت کی جانب گامزن ہے۔ جھارکھنڈ میں JMM کی قیادت میں آئی این ڈی آئی اے بلاک کا اقتدار میں واپس آنا یقینی ہے۔

☆ مہاراشٹر میں وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے، نائب وزرائے اعلیٰ دویندر فڑنویس اور اجیت پوار سمیت اہم امیدوار سبقت بنائے ہوئے ہیں۔ NCP کے نواب ملک اور ذیشان بابا صدیقی، کانگریس کے بالا صاحب تھوراٹ اور پرتھوی راج چوہان پیچھے چل رہے ہیں۔

☆ جھارکھنڈ میں وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین، بابو لال مرانڈی، اور چمپئی سورین سبقت بنائے ہوئے ہیں۔ کلپنا سورین پیچھے چل رہی ہیں۔

☆ کانگریس کی رہنما پرینکا گاندھی وائیناڈ لوک سبھا کے ضمنی انتخاب میں سبقت بنائی ہوئی ہیں۔ ناندیر لوک سبھا سیٹ پر بی جے کو سبقت حاصل ہے۔

☆ 46 اسمبلی حلقوں کے ضمنی انتخاب میں اترپردیش میں بی جے پی 9 میں سے چھ سیٹوں پر اور راجستھان میں سات سیٹوں میں سے چارسیٹوں پر آگے ہے۔ٹی ایم سی مغربی بنگال کی تمام چھ سیٹوں پر آگے چل رہی ہے جبکہ پنجاب میں حکمراں عاپ چارسیٹوں میں سے تین پر آگے ہے۔

☆ امریکہ کے نومنتخب صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے اسکاٹ Bessent کو وزیرخزانہ مقرر کیا ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

## REV WRESTLING MILITARY CHAMPIONSHIP

آرمینیا کے شہر Yerevan میں عالمی ملٹری کُشتی چیمپئن شپ میں بھارت نے سات تمغے جیتے ہیں، جن میں تین سونے کے ، ایک چاندی کا اور تین کانسے کے تمغے شامل ہیں۔

بھارت کی Reetika Hooda نے خواتین کے 76 کلوگرام زمرے میں ، Jyoti Sihag نے 55 کلوگرام زمرے میں اور جے دیپ نے مردوں کے 74 کلوگرام فری اسٹائل میں سونے کے تمغے جیتے ہیں۔ صوبیدار شَراوَن نے مردوں کے 70 کلوگرام فری اسٹائل میں چاندی کا تمغہ ، جبکہ Shubham نے 57 کلوگرام زمرے میں کانسے کا اور چندر موہن نے 79 کلوگرام فری اسٹائل میں تمغہ جیتا ہے۔ پرِیَنکا نے خواتین کے 68 کلوگرام زمرے میں کانسے کا تمغہ جیتا ہے۔ x

**ELECTION**

مہاراشٹر اسمبلی چناؤ میں BJP کی زیرِ قیادت مہایوتی اتحاد زبردست کامیابی کی جانب بڑھ رہا ہے، جبکہ جھارکھنڈ میں I.N.D.I.A بلاک کا اقتدار میں آنا یقینی ہے۔

مہاراشٹر کے 288 سیٹوں کے دستیاب نتائج اور رجحانات سے پتہ چلتا ہے کہ بی جے پی 126 ، ایکناتھ شندے کی زیرِ قیادت شیو سینا 56 سیٹوں پر آگے چل رہی ہے۔

اجیت پوار کی قیادت والا این سی پی گروپ 39 سیٹوں پر برتری لئے ہوئے ہے۔

اب تک چار سیٹوں کے نتائج کا اعلان کیا گیا ہے۔

بی جے پی نے 2 ، جبکہ شیو سینا اور این سی پی نے ایک ایک سیٹ پر کامیابی حاصل کی ہے۔

کانگریس 19 حلقوں میں ، NCP شرد پوار گروپ 12 حلقوں میں ، شیو سینا یو بی ٹی 18 حلقوں میں آگے چل رہے ہیں، جبکہ 17 میں دوسروں کو سبقت حاصل ہے۔

وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے اور اُن کے نائبین دیوندر فڑنویس اور اجیت پوار اپنے اپنے حلقوں میں آگے ہیں۔ BJP کے سرکردہ رہنما راہل Narvekar ، سُدھیر Gadgil ، وِنود اگروال ، ڈاکٹر وجے کمار بھی برتری لئے ہوئے ہیں۔

NCP کے نواب ملک ، ذیشان بابا صدیقی ، مِلِن دیوڑا اور Shaina NC پیچھے چل رہے ہیں۔

اُدھر جھارکھنڈ میں حکمراں جھارکھنڈ مُکتی مورچہ 31 سیٹوں پر ، جبکہ کانگریس 14 حلقوں میں برتری لئے ہوئے ہے۔

RJD چار سیٹوں پر آگے ہے ، جبکہ بی جے پی کو 26 سیٹوں میں سبقت حاصل ہے اور NDA کی ساتھی پارٹی AJSU ایک میں آگے چل رہی ہے۔ دیگر امیدوار پانچ حلقوں میں آگے ہیں۔

جھارکھنڈ BJP کے سربراہ بابو لال مرانڈی Dhanwar اسمبلی حلقے میں آگے چل رہے ہیں۔ AJSU کے صدر سُدیش مہتو پیچھے ہیں۔ JMM کے امیدوار اور وزیرِ اعلیٰ ہیمنت سورین کے بھائی Basant Soren دُمکا میں

پیچھے چل رہے ہیں۔ سابق وزیر اعلیٰ اور BJP کے امیدوار چمپئی سورین کو سرائے کیلا میں برتری حاصل ہے۔
وزیر اعلیٰ ہیمنت سورین کو Barhait سیٹ پر BJP کے Gamliyel Hembrom پر برتری حاصل ہے۔
وزیر اعلیٰ کی بیوی اور JMM کی امیدوار کلپنا سورین بھی BJP کے امیدوار کے مقابلے پیچھے رہی ہیں۔ x

## BYPOLL RESULT

لوک سبھا کی دو وائناڑ اور نانڈیڑ سیٹوں اور 13 ریاستوں کی 46 اسمبلی سیٹوں کیلئے بھی ووٹوں کی گنتی جاری ہے۔

کیرالی میں وائناڑ پارلیمانی حلقے میں کانگریس رہنما پرینکا گاندھی واڈرا CPI کے اپنے قریب ترین حریف سے تین لاکھ سے زیادہ ووٹوں سے آگے چل رہی ہیں۔

مہاراشٹر میں نانڈیڑ لوک سبھا حلقے میں BJP کے ڈاکٹر Santukrao Hambarade کو برتری حاصل ہے۔

اترپردیش میں 9 اسمبلی حلقوں میں ووٹوں کی گنتی جاری ہے۔ چھ میں BJP آگے چل رہی ہے، جبکہ دو میں سماج وادی پارٹی کو برتری حاصل ہے۔ NDA کی ساتھی پارٹی RLD کو میرا پور میں سبقت حاصل ہے۔

اتراکھنڈ میں BJP کیدار ناتھ میں آگے ہے۔

بہار میں BJP دو حلقوں میں ، جبکہ اُس کی ساتھی پارٹی JDU ایک سیٹ پر آگے ہے۔ ایک حلقے میں ہندوستان عوام مورچہ سیکولر ایک حلقے میں آگے چل رہا ہے۔

مدھیہ پردیش میں ایک حلقے میں BJP اور ایک میں کانگریس کو برتری حاصل ہے۔

چھتیس گڑھ میں رائے پور شہر ساؤتھ میں BJP سبقت لئے ہوئے ہیں۔

گجرات میں Vav اسمبلی سیٹ پر کانگریس آگے ہے۔x

## MAHA - MoS

مرکزی وزارتِ داخلہ میں وزیر مملکت اور BJP کے اعلیٰ رہنما Bandi Sanjay کمار نے کہا ہے کہ مہاراشٹر میں عوام کے اتحاد کے نتیجے میں ریاست میں NDA کو کامیابی ملی ہے۔ کریم نگر میں نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے ، انہوں نے کہا کہ مہاراشٹر کے عوام نے وزیر اعظم نریندر مودی اور اُن کے ترقی سے متعلق اصولوں پر بھروسہ کیا ہے۔ جناب کمار نے مزید کہا کہ عوام نے کانگریس اور AIMIM کی ووٹروں کو بانٹنے کی کوششوں کو شکست دی ہے۔ x

## PM MEDIA SUMMIT

وزیراعظم نریندرمودی نے کہا ہے کہ بھارت، دنیا بھر میں سب سے تیز ترقی کرنے والی معیشت ہے اور ہر ملک ترقی کے لئے بھارت کے ساتھ اشتراک کا خواہاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ دس برس کے دوران ان کی سرکار کے ذریعہ لاگو کئے جارہے اصلاحات، کارکردگی اور تبدیلی کے منتر کی وجہ سے دنیا اب بھارت کی اسٹریٹجک اہمیت کو تسلیم کررہا ہے۔ وزیراعظم ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعہ ایک پروگرام سے خطاب کررہے تھے، جس کا انعقاد جرمنی کے Stuttgart میں ایک میڈیا ہاؤس نے کیا تھا۔ اس پروگرام کا موضوع تھا: ''بھارت-جرمنی، پائیدار ترقی کے لئے ایک نقش راہ''۔ وزیراعظم نے کہا کہ ان کی سرکار نے آسانی کے ساتھ تجارت کرنے کو فروغ دینے کے لئے لال فیتہ شاہی کا خاتمہ کردیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت نے ترقی کے لئے سستے سرمایہ دستیاب کرانے کے لئے ملک میں بینکنگ کے نظام کو مضبوط کیا ہے۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ جرمنی، بھارت کی ترقی کے سفر میں ایک بھروسے مند شراکتدار ہوگا۔xx

## PM QUIZ

وزیراعظم نریندر مودی نے آج بھارتی برادری اور دیگر ملکوں کے لوگوں سے ''بھارت کو جانیے کوئز'' میں حصہ لینے کی اپیل کی ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ اِس کوئز سے بھارت اور دنیا بھر میں آباد بھارتی برادری کا تعلق مزید گہرا ہوگا۔ جناب مودی نے اسے ملک کے مالامال ورثے اور درخشاں ثقافت کو نئے سرے سے دریافت کرنے کا بہترین ذریعہ قرار دیا۔ جناب مودی نے مزید کہا کہ کوئز کے فاتحین کو درخشاں بھارت کے عجوبوں کا نظارہ کرنے کا موقع ملے گا۔x

## PM MANN KI BAAT

وزیراعظم نریندر مودی کل آکاشوانی پر من کی بات پروگرام میں ملک اور بیرون ملک کے لوگوں کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 116 واں نشریہ ہوگا۔

یہ پروگرام آکاشوانی اور دوردرشن، AIR News کی ویب سائٹ اور Newsonair موبائل ایپ کے تمام تر نیٹ ورک پر نشر کیا جائے گا۔ یہ پروگرام AIR News، DD News، PMO اور اطلاعات و نشریات کی وزارت کے Youtube چینلوں پر بھی براہ راست نشر کیا جائے گا۔ آکاشوانی اِس پروگرام کو ہندی نشریے کے فوراً بعد علاقائی زبانوں میں نشر کرے گا۔ ×

## INS PARUNDU

رامیشورم میں بھارتی بحریہ کے جہاز آئی این ایس Parundu نے بحریہ کے دن کی تقریبات کے ایک حصے کے طور پر راما ناتھا پورم ضلع کے دس اسکولوں اور کالجوں کے 800 سے زیادہ طلباء اور عملے کے افراد کا خیرمقدم کیا۔ دو روزہ پروگرام میں نوجوان ذہنوں کو دفاعی افواج میں اپنا کیرئیر تلاش کرنے کی ترغیب دی۔ اس دوران Dog Squad کی طرف سے مختلف صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا گیا اور طبی خدمات، توپ خانے، موسمیات، فضائی ٹریفک کنٹرول اور حفاظتی آلات کی نمائش کی گئی۔ طلباء نے فضائی تربیتی پروازوں کو قریب سے دیکھا اور مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے بحریہ کے اہلکاروں کے ساتھ بات چیت کی۔ اس تقریب میں براہ راست سوال وجواب کا سیشن بھی ہوا، جس میں طلباء کو مسلح افواج میں شمولیت کے عمل کے بارے میں دریافت کرنے کا موقع ملا۔

## CBSE

ثانوی تعلیم کے مرکزی بورڈ CBSE نے میرٹ اسکالر شپ اسکیم فار سنگل گرل چائلڈ کیلئے اہل طلبا سے آن لائن درخواستیں طلب کی ہیں۔ اُس نے سنگل گرل چائلڈ کیلئے میرٹ اسکالر شپ اسکیم کیلئے ایسی بچیوں سے درخواستیں طلب کی ہیں جنھوں نے 2024 میں دسویں کا امتحان پاس کیا اور جو اَب CBSE سے تسلیم شدہ اسکولوں میں گیارھویں جماعت میں تعلیم حاصل کر رہی ہیں۔ اِس کے علاوہ، اُن طلبا سے بھی آن لائن درخواستیں طلب کی گئی ہیں جن کی دسویں جماعت کیلئے اُس سنگل گرل چائلڈ اسکالر شپ کو Renew کیا جانا ہے جو 2023 میں دی گئی تھی۔

آن لائن درخواستیں داخل کرنے کی آخری تاریخ 23 دسمبر ہے۔ تفصیلات، اہلیت کی شرائط اور آن لائن درخواست فارم CBSE کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔x

## UNITED NATION HINDI

اقوام متحدہ کے خبروں اور میڈیا کے ڈائریکٹر ایان فلپس نے کہا ہے کہ وہ مطلوبہ سامعین کے ساتھ ہندی زبان میں بات چیت کرنے کے لئے پُرعزم ہیں۔ چاہے وہ امن، انسانی حقوق، پائیدار ترقی، آب وہوا کی تبدیلی یا صنف سے متعلق موضوعات ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ہندی زبان میں واٹس ایپ چینل شروع کرنے کا بھی منصوبہ ہے۔ کل ہندی دیوس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بھارت کا دنیا میں ایک بڑا رول ہے، جہاں مصنوعی ذہانت کو فروغ حاصل ہورہا ہے اور ہندی زبان لاکھوں لوگوں کے ساتھ بات چیت کرنے کا ایک اہم وسیلہ ہے۔ اس تقریب میں برہندر پرساد بیشیا کی سربراہی میں دورے پر آئے بھارت کے ارکان پارلیمنٹ کے ایک وفد اور کئی ملکوں کے سفارت کاروں نے شرکت کی۔ انہوں نے بھارت کے ساتھ اپنے لسانی روابط کے بارے میں بات کی۔

بھارت کے مستقل نمائندے پی ہریش نے کہا کہ بھارت جیسے کثیر لسانی، کثیر ثقافتی اور کثیر برادری والے ملک میں ہندی، مختلف پس منظراورثقافتوں کی حامل متنوع آبادی کے درمیان فرق کو ختم کرتی ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ ہندی زبان نے بھارت کی آزادی کی جدوجہد کے مشکل دور میں ملک کو متحد کرنے میں بے مثال کردار ادا کیا۔xx

## US TRESUARY SECRETARY

امریکہ کے منتخبہ صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے ایک بڑے سرمایہ کار Scott Bessent کو امریکہ کے وزیر خزانہ کے طور پر نامزد کیا ہے۔ اُن کی کابینہ میں یہ سب سے زیادہ اہم عہدہ ہے کیونکہ جناب ٹرمپ نے اپنی چناوٗ مہم کے دوران امریکہ میں سنہری دور کے آغاز کا وعدہ کیا تھا۔ جناب ٹرمپ نے کل اُن کی نامزدگی کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ جناب Bessent امریکہ کے 79 ویں وزیر خزانہ ہوں گے۔ جناب ٹرمپ نے یہ بھی کہا تھا کہ Scott امریکہ کے First Agenda کی وکالت کرتے رہے ہیں۔ x

## CRICKET INDIA VS AUS

کرکٹ میں Perth میں جاری گاوسکر ٹرافی کے پہلے ٹیسٹ کے دوسرے دن بھارت نے آسٹریلیا کے درمیان میچ جاری ہے۔

## BADMINTON CHINA MASTERS

بیڈمنٹن میں، چین کے شہر Shenzhen میں جاری چائنا ماسٹرس 2024 ٹورنامنٹ کے مردوں کے ڈبلز کے سیمی فائنل میں چراغ شیٹی اور ستوک سائی راج رنکی ریڈی کی بھارتی جوڑی کا مقابلہ آج جنوبی کوریا کی جوڑی Jin Yong اور Seo Seung Jae سے ہوگا۔

اِس سے پہلے کل Shenzhen میں بھارتی جوڑی نے ڈنمارک کے Kim Astrup اور Anders Skaarup Rasmussen کی جوڑی کو کوارٹر فائنل میچ میں اکیس۔سولہ اور اکیس۔اُنیس سے شکست دی۔x

☆☆☆☆☆